سوال

(271) نہایت قبیح عادت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاته

ہمارے علاقے میں ایک بہت بری عادت پائی جاتی ہے، وہ ہے اللہ تعالیٰ کی ذات مقدسہ کو گالی دینا۔ اس کے متعلق اسلام کا کیا حکم ہے؟ جو شخص یہ حرکت کرتا ہے کیا اس کی بیوی کو طلاق ہوجائے گی؟ یہ مسئلہ واضح کردیجیے، اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالیٰ کی شان میں نازیبا الفاظ کہنا کبیرہ گناہوں میں سب سے بڑا گناہ ہے، بلکہ یہ اسلام سے نکل جانے کے مترادف ہے۔ جس شخص سے یہ غلطی سرزد ہوجائے اسے چاہئے کہ فوراً توبہ کرے، اللہ تعالیٰ سے معافی مانگے اور بکثرت نیکیاں کرے۔ جب وہ خلوص دل سے پختہ توبہ کرے گا اللہ تعالیٰ اسے معاف فرمادیں گے اور اس کی بیوی اس کے نکاح میں رہ جائے گی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ